دار الافتاء والقضاء — الجامعة البنورية العالمية
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان
email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586

Name : **Ubaid Athar Ansari**		Serial No : **22982**		MODE: **Regular**
Address : **Rawalpindi**		Date : **6/7/2014**		
Subject : **Qurbani**		Contact No:		
Writer : عطاء اللہ		Email :		

Assalam-o-Alaikum. Hazrat qurbani ke liye hawaij-e-zarooria ki taareef farma dijiye. kya ghar mein moujood fridge, motorcycle, car, AC, washing machine, kaprey waghaira ki qeemat nisab mein shamil hogi?

السلام علیکم، قربانی کیلئے حوائج ضروریہ کی تعریف فرما دیجئے، کیا گھر میں موجود فریج، موٹرسائیکل، کار، اے سی، واشنگ مشین، کپڑے وغیرہ کی قیمت نصاب میں شامل ہوگی؟

الجواب حامداً ومصلیاً

حوائج ضروریہ سے مراد وہ تمام ضروریات زندگی ہیں جن کی طرف انسان اپنی روز مرہ کی زندگی میں اپنی اور اپنے اہل وعیال کی جان وعزت کی بقاء کیلئے محتاج ہو، جیسے رہنے کا مکان، گھر کا سازوسامان، گرمی اور سردی میں پہننے کے کپڑے، استعمال کی سواری چاہے وہ موٹرسائیکل ہو یا کار وغیرہ، اسی طرح خادم، اہل علم کیلئے کتابیں پیشہ ور کیلئے اس کے پیشے کے آلات، یہ سب ضروریات اصلیہ میں داخل ہیں، چنانچہ سوال میں مذکور اشیاء حوائج ضروریہ میں داخل ہونے کی وجہ سے قربانی وغیرہ کے نصاب میں شامل نہ ہونگی، الّا یہ کہ یہ اشیاء ضرورت سے زائد ہوں۔

کما فی الھندیة: (و أما شرائط الوجوب) منها الیسار وھو ما یتعلق به وجوب صدقة الفطر دون ما یتعلق به وجوب الزکاة (الی قولہ) والموسر فی ظاھر الروایة من له مائتا درھم اوعشرون دیناراً او شیئ یبلغ ذلك سوی مسکنه و متاع مسکنه ومرکوبه وخادمه فی حاجته التی لایستغنی عنھا. (۵/ ۲۹۲)۔

و فی البزازیة بھامش الھندیة: والدّھقان بفرس واحد و بحمار واحد لایکون غنیاً الخ (۶/ ۲۸۹)۔

و فی الفقه الإسلامی و أدلته: والمقصود بالقدرة عند الحنفیة الیسار أي یسار الفطرة وھو أن یکون مالکا مائتی درھم الذي ھو نصاب الزکاة أو متاعاً

(جاری ہے)

يساوي هذا المقدار زائدا عن مسكنه ولباسه أوحاجته و
كفايته هو ومن تجب عليه نفقتهم .(٣/ ٦٠٠). والله اعلم .

عطاء الله عفی عنه
دار الإفتاء جامعه بنوريه كراچی
١٣/ ٣/ ١٤٣٦ھ

الجواب صحيح
بنده نادر جان عفا الله عنه
دار الافتاء جامعه بنوریه کراچی
١٣/ ٣/ ١٤٣٦ھ

نائب رئيس
دار الافتاء جامعه بنوريه العالمية

الجواب صحیح
بنده [illegible]
دار الافتاء جامعه بنوریه
١٣ ربیع الثانی ١٤٣٦

رئيس
دار الافتاء جامعه بنوريه العالمية

دار الافتاء
٣٢٩٨٢
١٤٣٦/٣/١٣

7/2/15